# اِیباراکی کین میں یارڈ کو گاڑیوں کے لئے مناسب طور پر استعمال کو یقینی بنانے سے متعلق قانون

## یکم اپریل، 2017 سے نافذالعمل

### قانون کے مقاصد

یارڈ میں چوری کی گاڑیوں کا لین دین یا ان کے پرزہ جات کو کھولنے کا کام کیا جا رہا ہے، اس لئے حالیہ صورتحال کے پیش نظر یارڈ میں گاڑیوں کے درست لین دین کو یقینی بنانے کے لئے ضروری قواعد و ضوابط مرتب کر کے گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کو فروغ دینے کے مقصد سے قانون سازی کی گئی ہے۔

### یارڈ سے کیا مُراد ہے؟

اس قانون کے تحت پابندیوں کا ہدف " یارڈ "سے مراد وہ جگہ ہے جہاں گاڑیوں کے تمام پرزہ جات کو کھول کر الگ کرنے کا کام کیا جاتا ہو اور اس کا ارد گرد سے باڑ یا دیوار سے احاطہ کیا گیا ہو، اور یارڈ کے باہر سے اندر گاڑیوں کے پرزہ جات کو کھولنے کی کاروائی نظر آنا مشکل ہو، ایسی جگہوں کو یارڈ کہا جاتا ہے۔

○ یہ ضروری نہیں کہ گردوپیش کا مکمل طور پر احاطہ کیا گیا ہو، بلکہ کچھ حصے میں ہی دیوار یا باڑ وغیرہ موجود ہو، اور باہرکی طرف سے اندرونی حصے میں گاڑیوں کے پرزہ جات کو کھولنے کی کاروائی نظر آنا مشکل ہو، تو ایسی جگہوں پر بھی قواعد و ضوابط کا اطلاق ہوتا ہے۔

○ اگر یارڈ کا کُل رقبہ $450m^2$ سکوائر میٹرہو اور وہاں گاڑیوں کے تمام تر پرزہ جات کو کھولنے کا کام نہ کیا جاتا ہو تو ایسی صورت میں اسے اس قانون سے مستثنٰی قرار دیا جائے گا۔ تاہم، کُل رقبہ $450\ m^2$ سکوائر میٹر ہونے کے باوجود وہاں کام کیا جا رہا ہو تو ایسی صورت میں رقبے سے قطع نظر تمام جگہوں پر اس قانون کا اطلاق ہوگا۔

○ اس قانون کا اطلاق گاڑیوں کے پرزہ جات کھول کر علیحدہ کرنے اور مرمت کرنے کے جیسے کام کرنے والے آٹو موبائل سکریپ اور مرمت والے کاروباری اداروں پر نہیں ہوتا جن کے پاس ڈسٹرکٹ ٹرانسپورٹ بیورو کے ڈائریکٹر کا اجازت نامہ موجود ہو۔

## ایباراکی کی صوبائی پولیس

### اطلاق سے استثناء

ایسی صورت میں جہاں پہلے ہی سے یکساں نوعیت کے قواعد و ضوابط کا اطلاق ہوتا ہوتو، دوہرے قواعد و ضوابط کے اطلاق سے بچانے کے لئے مذکورہ قانون کو خارج الاطلاق قرار دیا جائے گا (مندرجہ ذیل جدول ملاحظہ فرمائیں)۔

— : استثناء　△ : جزوی استثناء　○ : اطلاق ہوگا

| | آٹو موبائل سکریپ مرمت سروس ٹھیکیار | سکریپ ٹھیکیدار | پرانے سامان کا ڈیلر | دیگر ※4 |
|---|---|---|---|---|
| اطلاع نامہ | — ※1 | — | ○ | ○ |
| دوسرے فریق کی تصدیق، وغیرہ | | △ ※2 | — ※3 | ○ |
| پیش کئے جانے والے کاغذات کی نقل کو محفوظ کرنا | | | | ○ |

※1 یہ قانون اوورہال مرمت کے طور پر گاڑیوں کے پرزہ جات کو کھول کر علیحدہ کرنے سے مشروط ہے۔ اس کے علاوہ سکریپ کرنے کے ارادے کی صورت میں اطلاق سے استثناء حاصل نہیں ہوگا ۔

※2 آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کی بنیاد پر الیکٹرانک اعلامیے کے ذریعے معلومات کنٹرول سینٹر کو وصول کرنے سے متعلق منتقلی رپورٹ کی گئی گاڑی لینے کا ارادہ رکھنے کی صورت میں۔ اس کے علاوہ کسی گاڑی (آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کی مناسب کاروائی کئے بغیر سکریپ ٹھیکیدار کے پاس لائی جانے والی گاڑی) کو وصول کرنے کا ارادہ کرنے کی صورت میں اس قانون کا اطلاق نہیں ہوگا۔

※3 پُرانی چیز کے طور پر لینے کا ارادہ رکھنے والی گاڑی (مثلاً: ری کنڈیشنڈ گاڑی کے طور پر چلائی جانے والے گاڑی)، پُرانی اشیاء کا کاروبار ایکٹ کی بنیاد پر اس کی صداقت کی توثیق اور کھاتوں کی حفاظت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اس لئے اس پر اس قانون کا اطلاق نہیں ہوگا۔ البتہ، پُرانی اشیاء کی تجارت کے باوجود سکریپ کی غرض سے گاڑی کے حصول کی صورت میں استثناء حاصل نہیں ہوگا۔

※4 وہ حضرات جن کے پاس، آٹو موبائل اوورہال مرمت کے کاروبار، سکریپ کے کاروبار یا پُرانی اشیاء کی تجارت کا اجازت نامہ وغیرہ موجود نہیں، ان پر اس قانون کا اطلاق ہونے کے علاوہ، بغیر اجازت کاروبار میں ملوث پائے جانے کی صورت میں تمام تر قوانین کا اطلاق ہو جائے گا۔

### معلومات کے لئے رابطہ


○ ایباراکی کین پولیس ہیڈ کواٹرز، ڈیپارٹمنٹ برائے عمومی معاملات روزمرہ سیفٹی باحفاظت اور با اعتماد ٹاؤن ترقی و فروغ آفس
یارڈ اقدامات انچارج　0110-301-029 (نمائندہ افسر)
○ قریبی پولیس اسٹیشن ڈیپارٹمنٹ برائے روزمرہ سیفٹی (انچارج)
○ ایباراکی کین پولیس کی ویب سائیٹ
http://www.pref.ibaraki.jp/kenkei/

## اطلاع نامہ

صوبے میں گاڑیوں کو سکریپ کرنے کی صورت میں، پبلک سیفٹی کمیشن کو پیشگی مطلع کرنا ضروری ہوگا۔ اگر آپ یکم اپریل 2017 سے پہلے سے ہی گاڑیوں کے سکریپ کا کاروبار کررہے ہیں تو اس صورت میں بھی پبلک سیفٹی کمیشن کو مطلع کرنا ضروری ہے (30 جون، 2017 تک) ۔

- ○ ان فرائض کا اطلاق اُن تمام حضرات پر نہیں ہوتا جن کے پاس آٹو موبائل ریسائیکلنگ ایکٹ کے تحت سکریپ کا کاروبار کرنے کا اجازت نامہ موجود ہو۔
- ○ اطلاع نامہ میں اندراج کے مندرجات جیسا کہ، یارڈ کا محل وقوع، وسعت کاروبار، مشینری وغیرہ بتانا ہوں گے۔ منسلکہ دستاویزات جیسا کہ یارڈ کا نقشہ، زمین یا عمارت کے استعمال کے حقوق کی تصدیق کرنے والے کاغذات وغیرہ ۔
- ○ اطلاع کرنے کے بعد تبدیلی، تعطل، منسوخی کاروبار، یا دوبارہ بحالی کی صورت میں پبلک سیفٹی کمیشن کو مطلع کرنا ضروری ہوگا۔
- ○ اطلاع نامہ، یارڈ کے محل وقوع کے حلقہ میں آنے والے پولیس تھانہ کے روزمرہ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی کھڑکی پر وصول کیا جائے گا ۔

## گاڑی وصول کرتے وقت چھوڑنے والے فریق کی جانچ پڑتال

یارڈ میں سکریپ کی غرض سے آنے والی گاڑی کو وصول کرتے وقت چھوڑنے والے فریق سے ڈرائیونگ لائسینس وغیرہ جمع کرانے اور فریق کا نام، ایڈریس وغیرہ چیک کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ گاڑی کا معائنہ سرٹیفیکیٹ جیسے کاغذات کو پیش کرنے کی درخواست کرنا ضروری ہے۔

مزید براں، فریق اور گاڑی کے معائنہ سرٹیفیکیٹ وغیرہ میں مالک کے طور پر درج شدہ شخص کا نام مختلف ہونے کی صورت میں ٹرانسفرسرٹیفیکیٹ یا مختار نامہ کے ذریعے گاڑی کی سپُردگی کے اختیار کو ثابت کرنے والے کاغذات کو جمع کروانے کی درخواست قبول کرنا ضروری ہے۔

علاوہ ازیں، وصول کی گئی گاڑی پرچوری شدہ ہونے کا شبہ ہونے کی صورت میں، فوری طور پر پولیس کو مطلع کرنا ضروری ہے۔

- ○ پیش کیے جانے والے کاغذات وغیرہ کی نقل قابل قبول نہیں ہوگی۔
- ○ چوری کا شبہ ہونے کی صورت میں مثالیں؛
  - ایسی گاڑی جس میں چیسس نمبر یا انجن نمبر گھسایا ہوا ہو۔
  - ایسی گاڑی جس کا چابی کا سوراخ یا چابی کا سلنڈر ٹوٹا ہوا ہو۔
  - ایسے کاغذات جو قانونی طور پر ہر وقت پاس ہونے چاہیئں (جیسے کہ ، گاڑی کا معائنہ سٹکر، لازمی وہیکل انشورنس، بیمہ شدہ شخص کا انشورنس کارڈ، وغیرہ) کا کسی منطقی وجہ کے بغیرساتھ نہ رکھے ہونا۔

جیسی مثالیں دی جاسکتی ہے۔

## پیش کئے جانے والے کاغذات کی نقل کو محفوظ کر لیں

گاڑی لیتے وقت دوسرے فریق کی تصدیق کے لئے دکھائے گئے کاغذات کی نقل اپنے پاس محفوظ کرلینا ضروری ہے۔

محفوظ رکھنے کی مدت نقل بنانے کی تاریخ سے ایک سال تک ہے۔

- ○ نقل بنانے کےلئے مہیا کردہ اصل کاغذات کی کسی فوٹو کاپی مشین وغیرہ سے کاغذی میڈیا پر نقل تیار کرنا ہوگی۔ ڈیجیٹل کیمرہ یا اسکینر کے ذریعے لئے گئے عکس یا پرنٹ کی گئی تصاویر قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔

## اراضی وغیرہ کی منتقلی کی صورت میں اقدامات

صوبے کی حدود میں واقع اراضی یا عمارتوں کے مالکان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اگرایسے حضرات جو یارڈ کی حدود میں گاڑیوں کو سکریپ کا کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں، کو اپنی مملوکہ اراضی یا عمارتوں کو کرائے پر دینے یا بیچنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو اس صورت میں معاہدے میں منسلک ہونے سے قبل اس بات کا اطمینان کرلیں کہ اس زمین یا عمارت کو چوری کی گاڑیوں کو سکریپ کرنے کے لئے استعمال تو نہیں کیا جائے گا ؟

علاوہ ازیں، معاہدہ طے کرنے کے بعد بھی اگر متعلقہ زمین یا عمارت کو چوری کی گاڑیوں کو سکریپ کرنے کے مقصد سے استعمال کرتے ہوئے پایا جانے کی صورت میں معاہدہ کی منسوخی یا واپسی خرید کی کوشش کرنا ضروری ہے۔

## جائے واقعہ کا معائنہ

پولیس حکام کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بوقت ضرورت دفتر، یارڈ، یا دیگر تنصیبات و جائے واقعہ میں مداخلت کرکے کاغذات کا معائنہ اور متعلقہ افراد سے پوچھ گچھ کر سکتے ہیں۔

## تعزیری حکم

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قرار واقع سزا عائد کی جائے گی۔

- ○ زیادہ سے زیادہ 3 ماہ قید یا 3 لاکھ جاپانی ین جُرمانہ
  - ▪ بغیر اطلاع نامہ کے، یا جعلی اطلاع نامہ داخل کروا کر یارڈ میں گاڑیوں کو سکریپ کی کاروائی کرنے والے افراد
  - ▪ دوسرے فریق کی تصدیق وغیرہ کئے بغیرگاڑی وصول کرنے والے افراد
  - ▪ دوسرے فریق کی تصدیق کرتے وقت پیش کئے گئے کاغذات کی نقل محفوظ نہ کرنے والے افراد
- ○ زیادہ سے زیادہ 3 لاکھ جاپانی ین جُرمانہ
  - ▪ تبدیلی وغیرہ کی اطلاع نہ دینا یا جعلی اطلاع دینے والے افراد
  - ▪ جیسا کہ جائے واقعہ کے معائنے کا انکار، رکاوٹ ڈالنے، یا سوالات کے غلط جوابات دینے والے افراد